جو لوگ خدا پر یقین کرنے سے انکار کرتے ہیں وہ قرآن کو چیلنج کرتے ہوئے پوچھتے ہیں کہ "اگر قرآن مکمل ہے اور مکمل طور پر تفصیلی ہے)جیسا کہ 6:19، 6:38 اور 6:114 میں بیان کیا گیا ہے (، ہم نماز اور زکات کی تفصیلات کہاں سے حاصل کر سکتے ہیں؟ "اس طرح کے لوگ جو کہ واضح طور پر قرآن سے دور ہیں)دیکھیں 18:57 (، ہم مندرجہ ذیل قرآنی حقیقت پیش کرتے ہیں" :اور ہم نے اسے)ابراہیم کو(اسحاق اور یعقوب کو ایک تحفے کے طور پر عطا کیا اور ہم نے ان کو نیکی عطا کی۔ اور ہم نے انہیں بطور اماموں کے مقرر کیا جو ہمارے احکامات کے مطابق ہدایت دیتے تھے، اور ہم نے ان کو نیکی کی تعلیم دی اور نماز اور زکوات قائیم کرنے کی ہدائییت دی۔)"73-72: بدقسمتی سے، قرآن کی یہ سیدھی سی سچائی ان لوگوں کی رسائی میں نہیں ہے جو یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں کے قرآن (21 مکمل نہیں ہے۔

سب سے پہلے، انہیں خلوص دل سے اس بات کا یقین کرنا ہے کہ قرآن مکمل، کامل، اور مفصل ہے؛ انہیں اپنے رب پر یقین کرنا ہو گا۔ ایک بار جب انہیں اس کا یقین ہو جائے گا، ان کے دلوں کے گرد ڈھالیں ہٹا دی جائینگی، ان کی کانوں کا بہراپن دور ہو جائے گا، اور وہ قرآنی سچائی کے لائیق ہو جائیں گے۔

روزہ ہمارے پاس ابراہیم کے ذریعے پہنچا

)پھر قرآن میں ترمیم کی گئیی " (آپ کو روزہ کی رات کے دوران اپنی بیویوں کے ساتھ جنسی تعلق رکھنے کی اجازت ہے۔ وہ تمہاری رازدار ہیں اور تم انکے رازدار ہو۔ خدا جانتا تھا کہ تم اپنی روح کو دھوکہ دیا کرتے تھے)رات کو جنسی رابطہ کرنے سے (۔ اس نے تمہیں نجات دی ہے، اور اس نے تمہیں معاف کر دیا ہے۔ لہذا، تم ان کے ساتھ جنسی رابطے کر سکتے ہو، جو تمہارے لئیے خدا نے اجازت دی ہے، اسکی چاہ کرتے ہوئے۔)"2 :187 کا حصہ (یہ آیت واضح طور پر ہمیں بتاتی ہے کہ روزہ رکھنا ابراہیم)اسلام (کے دین کے مطابق محمد سے پہلے ہی قائیم تھا۔

جب ابراہیم کے ذریعے ابتدائی طور پر مقرر کردہ روزہ رکھا جاتا تھا، تو جنسی رابطہ پورے رمضان کے مہینے میں دن اور رات کو بھی حرام تھا۔

حج ہمارے تک ابراہیم کے ذریعے پہنچا

برائے مہربانی ذرا غور کریں کہ ایسی آئییت ہمیں نماز کا طریقہ)رکوع اور سجدہ (بھی دکھاتی ہے" :ہم نے ابراہیم کو مقدس عمارت کی نشاندہی کی، اور ہدائییت کی کہ وہ میرے سوا کسی کی عبادت نہ کریں، اور میری مقدس عمارت کو ان لوگوں کے لئیے پاک کریں جو اسکی زیارت کرنے آئیں گے، جو اس میں اعتکاف کریں گے، اور جو لوگ رکوع اور سجدہ کریں گے۔ اور تم)اے ابراہیم (اعلان کرو گے کہ لوگ حج ادا کریں۔ پھر وہ تمہارے تک دور دراز کے مقامات سے پیدل چل کر یا سواری کر کے پہنچیں گے۔)"27-26 :22 (پس، قرآن واضح طور پر یہ بتاتا ہے کہ اسلام کے تمام اطوار)نماز، زکات، روزہ اور حج (ہم تک ابراہیم کے ذریعے پہنچے۔

قرآن ہمیں سکھاتا ہے کہ خدا نے ابراہیم کو سکھایا کہ نماز، زکوات، روزہ اور حج کیسے کرنا ہے، پھر ابراہیم نے ان طریقوں کو اپنے بچوں کو، اور پھر اسی طرح نسل در نسل سکھایا گیا۔

وہ ابھی تک بضد ہیں

یہاں تک کہ ان لوگوں کو قرآن کے تمام ثبوت دکھانے کے باوجود بھی، وہ لوگ جو خدا پر یقین نہیں کرتے، آپ دیکھیں گے کہ وہ اپنے طریقوں پر اصرار کریں گے۔ آپ اس بات پہ حیران نا ہونا اگر اس کے بعد بھی وہ یہ سوال پوچھیں :"نماز پڑھنے کی تفصیل قرآن میں کہاں ہے"؟

جب تک کہ وہ اپنے خالق کے بارہا کہے گئے اس دعوے کا یقین نہیں کرتے کہ قرآن مکمل ہے، تو وہ اس قرآنی حقیقت کو کبھی نہیں دیکھ سکتے۔ یہ ذیل میں درج کی گئی ہے:

قرآن پر یقین نا کرنے کا نتیجہ

قرآن کو دیکھنے، سننے یا سمجھنے سے محرومی۔ لہذا، ہدایت پانا ناممکن ہو جاتا ہے" :اس سے زیادہ عیار کون ہے جسے اس کے رب کی آیات کی یاد دہانی کرائی جائے، مگر اس کے باوجود انہیں جھٹلاتا ہے، جبکہ اپنے اس گناہ سے لاعلم ہے؟ اس کے نتیجے میں، ہم ان کے دلوں کو ڈھانپ دیتے ہیں سمجھنے)قرآن (سے، اور ان کے کانوں کو بہرا۔ پس، جب تم انہیں ہدایت کی طرف مدعو کرتے ہو، وہ کبھی بھی راہنمائی نہیں پا سکتے۔)"18:57 (

زندگی کے دو بد قسمت ترین حقائق

لوگوں کی اکثریت کافر ہے ۔ ۔1

لوگوں کی اکثریت جو ایمان رکھتی ہے وہ جہنم جا رہی ہے ۔ (2)

لوگوں کی اکثریت، جو کچھ بھی تم کرو، ایمان نہیں لاتے ")12:103" (اور جو لوگ خدا پر ایمان رکھتے ہیں وہ اکثریت مشرکین کی ہے "" اگرچہ تم، اکثریت کے ساتھ ہو، تو تم بہت بڑی مصیبت میں ہو۔ (12:106)

اگر تم اہل ایمان کی اکثریت کے ساتھ بھی ہو،تب بھی تم بڑی مصیبت میں ہو۔

جو لوگ صرف خدا کی عبادت کرتے ہیں وہ ایک نادر اور انتہائی خوش قسمت گروپ ہے ۔ وہ اقلیتوں کی اقلیت ہیں ۔

مسئلہ یہ ہے :وہ سوچتے ہیں کہ وہ سیدھی راہ پر ہیں

جو کوئی انتہائی مہربان کا پیغام نظر انداز کرتا ہے ، ہم شیطان کو مستقل ان کا ساتھی بنا دیتے ہیں۔ شیطان پھر انہیں راستے سے بھٹکا دیتا" ہے، مگر انہیں اس خیال میں رکھتا ہے کہ وہ صحیح طریقے سے ہدایت پا رہے ہیں "۔)37-36 :43 " (تم ہر مسجد میں سختی سے نیکی کرو، اور صرف خدا کی عبادت کرو، اپنی عبادتوں کو صرف خدا ہی کے لئیے مخصوص کرو۔ جیسے اس نے تمہیں ابتدا سے پیدا کیا، تم لوٹ کے جاؤ گے ۔ وہ کچھ کو ہدائییت دیتا ہے ۔ دوسروں کو بھٹکنے میں پر عظم کر دیتا ہے، کیونکہ وہ خدا کی بجائے شیطانوں کے ساتھ اتحاد کر چکے ہیں، اور اس بات کا یقین رکھتے ہیں کہ وہ ہدایت پر ہیں "۔)30-29 :7" (بدترین ہارے ہوئے لوگ وہ ہیں جو گمراہ ہو جاتے ہیں، پھر اس بات کا یقین رکھتے ہیں کہ وہ صحیح ہدایت پر ہیں ۔) "104-103 :18(

اپنے شرک کرنے سے لا علمی

اکثریت ان کی جو ""ایمان رکھتے"" ہیں، انجانے میں شرک کرتے ہیں؛ وہ اس بات سے لا علم ہیں کہ وہ مشرک ہیں " :اس دن) فیصلے کا(جب ہم سب لوگوں کو جمع کریں گے، تو ہم مشرکین سے پوچھیں گے، ""کہاں ہیں وہ شرکاء جنہیں تم نے خدا کے ساتھ شریک کیا؟' پھر، ان کا واحد یہ جواب ہو گا، 'خدا کی قسم ہمارے رب، ہم مشرک نہیں تھے۔ 'یاد رکھیں کہ کس طرح انہوں نے اپنے آپ سے بھی جھوٹ بولا، اور یاد رکھیں کہ ان کے شرکاء ان کو ترک کر دیں گے -)24-22 :6 (آپس، ایسے لوگ ہیں جو شرک کرتے ہیں، مگر وہ اپنےشرک سے

بے خبر ہیں۔ کیا آپ انہیں میں سے ایک ہوے نہیں؟ آپ کیسے جانتے ہیں کہ آپ ان میں سے ایک نہیں ہیں؟ یہ معلوم کرنے کا اب موقع ہے کہ آپ شرک نہیں ہیں۔

آپ کیسے یہ تعین کر سکتے ہیں کہ آپ مشرک نہیں ہیں؟

صفحہ 55 پر جواب ہے

"حدیث و سنت" کی اہمیت

قرآن ہمیں یہ تعلیم دیتا ہے کہ "حدیث و سنت" ایک ایسے اہم امتحان کی حیثیت رکھتے ہیں جو ایک سچے مسلمان کو اور جھوٹے مسلمان سے الگ کرتا ہے۔

سچا مسلمان خدا کے اس فرمان پر یقین کرتا ہے کہ قرآن مکمل، کامل اور مفصل ہے (114 ، 38 ، 19 :6)۔ اس کے نیتجے میں، حقیقی مسلمان مذہبی رہنمائی کے لیئے کسی دوسرے ذریعہ کو قبول نہیں کرتا۔

جبکہ جھوٹا مسلمان، مرد یا عورت ، وہ حدیث اور سنت کی طرف متوجہ ہو جائے گا، اور اس طرح منافق کے طور پر بے نقاب ہو جائے گا، جو بظاہر عقیدے کو بالکل مانتا ہے، جبکہ دل کے اندر سے انکار کرتا ہے (دیکھیں 16:22)۔

ہم ہر نبی کے خلاف کھڑے کر دیتے ہیں دشمنوں کے طور پر، انسانوں اور جنات کو، دھوکہ دینے کے لیئے متاثر کن بیانات کو اکٹھا کرنے" کے لیئے ایک دوسرے کو اسٹنا دیتے ہیں۔ اگر تمہارا رب چاہے تو وہ ایسا نہ کرتے (لیکن یہ خدا کی مرضی ہے (تاکہ ان لوگوں کے دماغ جو آخرت میں ایمان نہیں رکھتے، اور یہ ان کو سنیں اور وہ ان کو انہیں قبول کرنیں دیتے ہیں، اور ان کی حقیقی شناخت کو بے نقاب کرنے کے لئے۔ (6: 112-113" (کیا آپ قرآن سے مطمئین ہیں؟ کیا آپ خدا پر یقین رکھتے ہیں؟ یا، کیا آپ محسوس کرتے ہیں کہ قرآن مکمل نہیں ہے، کہ آپ کو مذہبی رہنمائی کے اضافی ذرائع کی ضرورت ہے؟

"ایک مستند" حدیث

فیصلے کے دن، محمد ہی ہونگے جو سب سے پہلے شکایت کریں گے کہ ان کے پیروکاروں نے انکے دشمنوں)حدیث و سنت (بدعت بنانے والوں کے حق میں قرآن کو چھوڑ دیا تھا" :اور رسول کہیں گے، 'میرے پروردگار، میرے لوگوں نے اس قرآن کو ویران کر دیا ہے ۔ 'ہم اس طرح ہر نبی کے مقابل دشمنوں کو قائیم کر دیتے ہیں ہیں جو بدکار ہیں ۔آپ کے رب کی مدد اور ہدایت آپ کے لئیے کافی ہے)مثلا، قرآن کافی ہے (۔ ")31-30 :25 (اس بات پہ غور کریں کہ اوپر دکھائی گئی آئییت)31 :25 (اور 6:112 میں حرف با حرف کتنی مماثلت ہے ۔ کیا یہ محض اتفاق ہے؟

اس طرح، نبی محمد ان لوگوں کے سے بہت مایوس ہو جائیں گے جو ان کی محبت میں بری طرح گرفتار تھے، جیسے کہ عیسی ان عیسائیوں سے مایوس ہو جائیں گے جو اسے خدا یا خدا کا بیٹا سمجھتے تھے ۔

"قرآن :صرف ایک ہی جائیز "حدیث

یہ خدا کی آیات ہیں ۔ ہم سچائی انہیں آپ کے لئیے بیان کرتے ہیں ۔ وہ کونسی "حدیث "، ہے جس پر خدا اور اسکے آیات کے علاوہ وہ ان" یہ ایمان رکھتے ہیں؟ افسوس ہر اس گناہگار گھڑنے والے پہ ۔ جو خدا کی آئییات کو سننے کے باوجود، تکبر کے ساتھ اپنی راہ پر بضد ہے، جیسے کہ اس نے کچھ سنا ہی نہیں؛ اس کے لئیے ایک دردناک عزاب کا وعدہ ہے ۔ جب وہ ہماری آیات سے کچھ سیکھتا ہے، تو وہ اسے ضائیع کرتا ہے ۔ یہ ذلت آمیز عذاب کے مستحق ہیں ۔ جہنم ان کا انتظار کر رہی ہے؛ نا انکی دولت اور نا ہی وہ شرکاء ان کی مدد کو آئیں گے جو انہوں نے اپنے رب کے شریک ٹھہرائی ۔ یہ ایک خوفناک عزاب کے مستحق ہیں ۔ یہ ہدایت ہے اور جو لوگ اپنے رب کی ان آیات پر یقین "نہیں کرتے وہ ذلت اور تکلیف دہ عذاب کا شکار ہوں گے ۔)"11-6 :45(

کیا آپ خدا کی آیات پر یقین رکھتے ہیں؟ کیا آپ کو یقین ہے کہ قرآن مکمل، کامل، اور ممفصل ہے؟)114 ،38 ،19 :6 (یا آپ کو قرآن کے علاوہ بھی کچھ اور ذرائیع کی ضرورت ہے؟

قرآن صرف وہ واحد "حدیث " ہے جس کی پیروی کی جائے ۔ اس کے علاوہ تمام احادیث گستاغانا اور گمراہ کرنے والی بدعتیں ہیں " :خدا نے سب سے بہترین " حدیث " کو نازل کیا ہے؛ ایک ایسی کتاب جو بلا متضاد ہے، اور دونوں راستوں کی وضاحت کرتی ہے)جنت اور جہنم (۔ وہ لوگ جو اپنے رب کا احترام کرتے ہیں، ان کی جلد کانپنے لگتی ہے، پھر ان کے دل اور انکی جلد خدا کے پیغام وصول کرتے ہوئے نرم پڑ جاتے ہیں ۔ خدا کی ہدائییت ایسی ہے؛ وہ جسے چاہیں ہدائییت عطا فرمائیں ۔ اور وہ جن کو وہ بھٹکنے دیں، ان کو کوئی ہدائییت نہیں دے سکتا" ۔)23 :39 " (ایسے بھی لوگ ہیں جو لوگ ہیں جو بیکار "حدیث "کی وکالت کرتے ہیں اور خدا کے راستے سے موڑنے کی

وجہ بنتے ہیں، لا علمی میں، اور پھر اپنے اعمال کو سنجیدگی سے لینے میں ناکام ہوتے ہیں؛ یہ ایک ذلت آمیز عزاب کے مستحق ہیں ۔ اور جب اس کو ہماری آیتوں کو پڑھ کر سنایا جاتا ہے، تو وہ دور ہٹ جاتا ہے، جیسا کہ اس نے کبھی ان کو سنا ہی نہیں؛ گویا کہ اسکے کان بہرے ہیں؛ وعدہ ہے اسکے لئیے ایک دردناک عذاب"۔)7-6 :31(

ٹھوس ثبوت

قرآن کے واضع بیانات کا ایمان والوں کی یقین دہانی کے علاوہ، علاوہ، کہ قرآن مکمل، کامل، مفصل ہے، اور یہ مذہبی رہنمائی کا واحد ذریعہ ہونا چاہئیے، یہ خدا کی رضا تھی کہ ان آیات کی ایک ناقابل تردید ٹھوس ثبوت کے ساتھ معاونت کی جائے۔

قرآن میں ایک ریاضی معجزہ دریافت کیا گیا تھا، جس میں ہر لفظ، بلکہ ہر ایک خط، ایک انتہائی پیچیدہ عددی ظابطے کے مطابق قرآن میں رکھا گیا تھا۔ یہ ظابطہ)کوڈ(نمبر]19[پر مبنی ہے، جو قرآن کے افتتاحی بیان میں خطوط کی تعداد ہے، اور 74:30 میں درج کردہ تعداد اشارہ کرتی ہے اور ان لوگوں کی اس بات کا جواب دیتی ہے جو یہ دعوہ کرتے ہیں کہ قرآن کس انسان کی لکھی ہوئی کتاب ہے۔ یہ ریاضی معجزہ بلا شک و شبہ کے ثابت کرتا ہے کہ قرآن ایک خدائی کتاب ہے، اور یہ بالکل محفوظ ہے۔ تفصیلات کے لئیے برائے مہربانی ملاحظہ کریں "کتاب، "قرآن: معجزے کی بصری پیشکش۔

وہ ٹھوس ثبوت جو اس بات کی حمائیت کرتا ہے کہ مزہبی ہدائییت کے لئیے صرف قرآن ہی واحد ذریعہ علم ہے، اس ریاضی معجزے سے منسلک ہے؛ یہ بھی نمبر)19(پر مبنی ہے۔ یہ ثبوت صفحہ 72-64 پر پیش کیا گیا ہے۔

چونکہ یہ ثبوت بالکل ٹھوس ہے، لہذا بجائے اس کے کہ لوگ اس کی کوئی ترجمانی کریں، وہ تمام لوگ جو سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، اسے قبول کریں گے۔ صرف وہ لوگ جو بری طرح جھوٹے یقین میں جکڑے جا چکے ہیں، اس ظاہر سچ کو مسترد کریں گے، کیونکہ یہ عذاب قرآن کو مسترد کرنے کی وجہ سے ہے۔)17:45 ملاحظہ کریں(۔

قرآن کے معجزہ کا خلاصہ مندرجہ ذیل چار صفحات کو کتاب :"قرآن : معجزے کی بصری پیشکش" سے دوبارہ شائع کیا گیا ہے۔

قرآن : معجزے کی بصری پیشکش

بذریعہ :رشاد خلیفہ، پی ایچ ڈی

امام مسجد ٹوسان، ایریزونا

خلاصہ اور نتائج

قرآن کے معجزے کی اس کتاب میں تفصیل انتہائی سادگی سے انتہائی پیچیدہ کی حد تک جاتی ہے۔ کیونکہ قرآن تمام لوگوں کے لیئے نازل کیا گیا تھا، اس کی زبان بہت سادہ سے ہوتی ہوئی، لسانی اور ادبی معیار کی بلند ترین سطح تک جاتی ہے۔ یہ پیغام ہر کسی کو میسر ہے، چاہے انکا تعلیمی معیار جس سطح کا بھی ہو۔ قرآن کے معجزے کے بھی یہی حقائق ہیں۔ اس طرح، ٹھوس حقائق جو اس غیر معمولی رجحان کو مرتب کرتے ہیں، انہیں سادہ حقائق اور پیچیدہ حقائق میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

سادہ حقائق

(1) قرآن کا افتتاحی بیان 19 حروف پر مشتمل ہے۔

(2) قرآن میں 114 باب ہیں، یعنی 6 x 19

(3) قرآن کی پہلی آیت (96: 1-5) 19 الفاظ تھی۔

(4) پہلی وحی 76 حروف، یا 19 x4 پر مشتمل تھی۔

(5) پہلا باب نازل ہوا (سورہ۔ 96) 19 آیات پر مشتمل ہے۔

(6) قرآن کے اختتام سے، سورہ -96 کی 19 ویں پوزیشن ہے۔

(7) پہلا باب جونازل ہوا ہے یہ 304 خطوط پر مشتمل ہے؛ 16 x 19

(8) آخری باب نازل کیا گیا (سورہ۔ 110) میں 19 الفاظ ہیں۔

(9) آخری وحی کی پہلی آیت 19 حروف پر مشتمل ہے۔

(10) دوسری وحی (68: 1-9) 38 الفاظ پر مشتمل تھی؛ 19 x 2۔

(11) تیسری وحی (73: 1-10) میں 57 الفاظ تھے۔ 19x3

(12) چوتھی وحی (74: 1-30) خود نمبر 19 ہی کو لے آئی ۔

(13) پانچویں وحی (سورہ 1) نے 19 خطوط پہ مبنی افتتاحی بیان کو 74: 30 کے نمبر 19 بعد فوری طور پر پیش کیا۔

(14) قرآن کے افتتاحی بیان میں پہلا لفظ قرآن میں بالکل 19 بار آتا ہے ۔

(15) افتتاحی بیان میں دوسرا لفظ (خدا) 2,698 بار، 19 کا متعدد (19x 142) ہے۔

(16) قرآن کے افتتاحی بیان میں (رحمان) تیسرا لفظ ہے، اور قرآن میں اس کا 57 بار (19 x3) ذکر کیا جاتا ہے۔

(17) قرآن کے افتتاحی بیان میں لفظ چہارم (رحیم) قرآن کا 114 بار (19x6) ذکر کیا جاتا ہے ۔

(18) افتتاحی بیان کے ضربیہ عوامل (مندرجہ بالا نقائیط 17 -14 ملاحظہ کریں) [1 + 142 + 3 + 6] مجموعی طور پر 152 بنتے ہیں، 19 x8 کا مجموعہ ہے ۔ (19

(19) واقعہ کی ہر فریکوئینسی جو افتتاحی بیان کے ساتھ منسلک ہے، یعنی، 19، 2698، 57، اور 114 خدا کے ناموں میں سے ایک کی عددی قدر کے مساوی ہے ۔

(20) خدا کے معروف ناموں کے تمام مرتب شدہ فہرست (400 سے زائید) صرف چار نام ایسے ہیں جن کی عددی قدر 19 سے تقسیم ہوتی ہے ۔ یہ چار نام وہی چار ہیں جو کی نقطہ نمبر 19 میں بیان کئیے گئے پوائینٹ کے مساوی ہے ۔

(21) افتتاحی بیان سورہ 9 سے غائیب ہے، لیکن سورہ 27، آیت 30 میں معاوضہ دیا گیا ہے ۔ یہ اس اہم بیان کی تعدد کو بحال کرتا ہے جو 114 (6x19) بنتی ہے۔

(22) لاپتہ بیان (باب 9) اور اضافی بیان (باب 27) کے درمیان 19 باب ہیں ۔

پیچیدہ حقائق

باب 50 با عنوان "ق، "شروعات "ق، " کے ساتھ ہوتی ہے اور 57 ق)57 =19 × 3 (پر مشتمل ہے۔ (23)

ق " کے حرف سے شروع صرف ایک ہی اور باب ہے جو کہ باب نمبر42 ، اور اس میں "ق "57 مرتبہ شامل ہے۔" (24)

بنتی ہے۔ (57 x حرف "ق "قرآن کو ظاہر کرتا ہے، اور کل تعداد "ق "کی ان دونوں سورتو میں ملا کر 114 (57 (25)

خلاصہ اور نتائج

باب 50 میں پہلی آیت)با عنوان "ق ("قرآن کو "مجید =شاندار " کے طور پر بیان کرتی ہے اور "مجید "لفظ کی عددی قیمت 57 ہے، (26) بالکل اسی طرح اس باب میں "ق "کی تعداد اتنی ہی مرتبہ ہے۔

x7باب 68 "خط ن " کے ساتھ شروع ہوتا ہے اور 133 ن پر مشتمل ہے؛ یا19 (27)

x8باب 7، 19، اور 38 خط "ص " کے ساتھ شروع ہوئے ہیں، اور تین باب میں اس خط کی موجودگی کی مجموعی تعداد 152، یا 19 (28) ہے۔

ہے۔ x15باب 36 خط "ی "اور "س " کے ساتھ شروع ہوئی ہے اور اس باب میں ان دونوں خطوں کی مجموعی تعداد285 ، یا19 (29)

x19باب 40 سے 46 "ح "اور "م " کے ساتھ ابتداء کیے جاتے ہیں۔ ان سات ابواب میں ان دو خطوط کی کل تعداد 2147، 113 (30) ہے۔

باب 42 تین ابتداء "ع، " "س، "اور "ق، " کے ساتھ پہلے سے موجود ہے اور اس باب میں ان تین خطوں کی مجموعی تعداد 209، یا (31) 19x11 ہے۔

باب 19 میں پانچ حروف، یعنی "ق "، "ح "، "ی "، "ع "، "ص " کے ساتھ شروع ہوا اور اس باب میں ان پانچ حروف کی موجودگی کی (32) مجموعی تعدد 798 ہے، یا19 x42۔

قرآن کریم کی ابتدائی "ح "، "ط۔ح "۔، "ط۔س۔ "،اور "ط۔س۔م۔ "، "ان پانچ ابواب یعنی 19، 20، 26، 27، اور 28 کے اندر (33) ایک منفرد طریقے سے جڑا ہوا تعلق قائیم کرتا ہے۔ ان کے پانچ بابوں میں یہ خط 1767 یا19 x93 ہے۔

(34) باب 2 حروف "ا ۔ل ۔م ۔"، کے ساتھ شروع کی جاتی ہے اور ان خطوط کا ٹوٹل 9899 پر مشتمل ہے (19x521) ۔

(35) باب 3 بھی خطوط "ا ۔ل ۔م "۔ کے ساتھ شروع ہوتا ہے اور ان خطوط کا ٹوٹل نمبر 5662 پر مشتمل ہے (19x298) ۔

(36) باب 29، 30، 31، اور 32 بھی خطوط "ا ۔ل ۔م "۔ کے ساتھ شروع ہوئے ہیں اور ان خطوں کی موجودگی کی کل تعداد 1672 (19 × 88)، 1254 (19 × 66)، 817 (19 × 43) اور 570 (19 × 30)، بالترتیب ہے۔

(37) باب 10 اور 11 خطوط "ا ۔ل ۔ر "۔ کے ساتھ شروع کیے جاتے ہیں، یعنی ہر ایک 2489 کی مجموعی تعداد پر مشتمل ہے (19 × 131) ۔

(38) باب 12، 14، اور 15 بھی تین حروف "ا ۔ل ۔م "۔ کے ساتھ شروع کیے جاتے ہیں۔ ان بابوں میں ان خطوں کی موجودگی کی مجموعی تعداد 2375 (19x125) 1197 (19x63) اور 912 (19x48) بالترتیب ہے۔

خلاصہ اور نتائج

(39) باب 13 چار ابتدائی حروف "ا ۔ل ۔م ۔ر "۔، کے ساتھ پہلے سے ہی مقدم ہے اور ان خطوط کی کل تعداد 1482 (19x78) پہ مشتمل ہے۔

(40) باب 7 چار خطوط "ا ۔ل ۔م ۔ص "۔، کے ساتھ شروع ہوتا ہے اور اس باب میں ان چار خطوط کی تعداد 5320 یا 19 x280) ہے۔

(41) قرآنی ابتدائی حروف کی تعداد 14 ہے، اور ان حروف تہجی کو بنانے میں حصہ لینے والے حروف بھی 14 ہیں، اور ابتدائی حروف والے بابوں کی تعداد 29 ہے۔ جب ہم ان نمبروں کو شامل کرتے ہیں تو 14 +14 +29 جب ہم کل 57، یا (19x3) ہے۔

(42) قرآن کے ابتدائی حروف کو "قرآن کا معجزہ "بیان کیا گیا ہے) صفحہ 240 (دیکھیں۔

(43) واحد "کی ہندسی قدر ہے۔ لہذا یہ معجزہ قرآن اور اس = ONE" قرآن کریم میں مشترکہ فرقہ وارانہ تعداد نمبر] 19 [ہے، اور یہ عربی لفظ "کے بنیادی پیغام پر زور دیتا ہے" :خدا ایک ہے۔

نتیجہ:

:یہاں پیش کردہ ٹھوس ثبوت ثابت کرتے ہیں

قرآن کا ذریعہ الہی ۔ (1)

قرآن کی کامل سالمیت اور حفاظت۔ ۔2

قران :واحد ذریعہ رہنمائی)19 :6(

رہنمائی کے کسی دوسرے ذریعہ کو تسلیم کرنا خدا کے سوا دوسرے معبودوں کی تشکیل کرتا ہے :بت پرستی۔

: یہ اہم بیان نمبر:19 بنتا ہے

کہہ دو)اے محمد(، 'کس کی گواہی کو برتری ہے؟، کہو، 'خدا میرا گواہ ہے کہ یہ قرآن مجھے دیا گیا کہ میں تمہیں اس کی تبلیغ کروں، اور جس تک" یہ پہنچے۔ اس کے باوجود، تم گواہی دیتے ہو کہ خدا کے سوا دیگر معبود ہیں)قرآن کے سوا دیگر ذرائع کو برقرار رکھنے کیوجہ سے (۔ کہہ دو کہ میں ۔(6x 19)' ایسی گواہی نہیں دیتا، کہو، 'صرف ایک خدا ہے، اور میں تمہارے شرک کو مسترد کرتا ہوں

اس اہم آیت کا نمبر:19 ہے

ہم نے اس کتاب سے باہر کچھ نہیں چھوڑا)قرآن ((6:38(

اس آیت کا عربی متن 19 حروف پر مشتمل ہے۔ *

(19x 2)اس آیت کا نمبر 38 ہے؛ یا *

اس بیان کو عربی حروف میں دکھایا گیا ہے، ہر ایک)حرف (ایک مسلسل نمبر کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے، اور یہ وضاحت ہوتی ہے کہ یہ] [واقعی 19 عربی حروف ہیں۔

[اس جملے پر مشتمل لائین کو عربی میں دکھایا گیا ہے۔]

خدا نے اس کتاب کو مکمل تفصیل سے نازل کیا ہے)114 :6(

اس آیت کا عربی متن 19 حروف پر مشتمل ہے۔ *

19 * اس آیت کی تعداد 114 ہے؛ یا 19x 6

[اس بیان کے عربی حروف کو دکھایا گیا ہے، ہر ایک) حرف (ایک مسلسل نمبر کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے اور یہ وضاحت ہوتی ہے کہ یہ واقعی 19 عربی حروف ہیں۔] [اس جملے پر مشتمل لائین کو عربی میں دکھایا گیا ہے۔ [

آپ کے رب کا لفظ) یہ قرآن (مکمل ہے، سچائی اور انصاف میں)6:115(۔

یہ بیان عربی متن میں 19 حروف پر مشتمل ہے۔

[اس بیان کے عربی حروف کو دکھایا گیا ہے، ہر ایک) حرف (ایک مسلسل نمبر کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے اور یہ وضاحت ہوتی ہے کہ یہ واقعی 19 عربی حروف ہیں۔] [اس عبارت کو عربی حروف میں دکھایا گیا ہے۔ [

محمد کو قرآن کی پیشین گوئی کرنا ممنوع تھا

محمد کو خدا کی طرف سے حکم آیا کہ وہ قرآن کا کوئی مواد خدا کی اجازت کے بغیر نہیں بیان کریں گے۔ جب ان کو وحی آئیں گی، تب ان کو سختی سے صرف قرآن کی پیروی کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔

یہ آیت نمبر 114 ہے، باب 20 میں۔

114 = 19x 6

[یہ آئییت عربی میں دکھائی گئی ہے جس کے ساتھ آئییت نمبر پر روشنی ڈالی گئی ہے۔]

کیا یہ محض اتفاق ہے کہ اس آیت کا نمبر قرآن میں سورتوں کی مجموعی تعداد کے برابر ہی ہے؟

خدا اور ان کے رسول چاہتے ہیں کہ ہم قرآن اور صرف قرآن، اور تمام قرآن کے سوا کچھ اور نہیں۔

محمد کو قرآن کی وضاحت کرنا ممنوع تھا

وہ لوگ جو دعوی کرتے ہیں کہ قرآن کو سمجھنا بہت مشکل ہے، اور یہ کہ "حدیث و سنت" قرآن کی وضاحت کے لیئے ضروری ہے۔ سب سے پہلے، قرآن اور "حدیث" پر ایک نظر ڈالتے ہی، مطالعہ کرنے والے کو کو یقین ہو جاتا ہے کہ حقیقت اس کے بر عکس ہے۔ کیونکہ "حدیث" کے تانے بانے بننے والے مختلف قبائیل اور بلکہ مختلف ممالک کے مختلف تلفظوں اور لہجوں والے تھے، اور حقیقت میں "حدیث" کی زبان بے حد مشکل ہے۔

قرآن کی آئیتوں کی منتقلی کے لیئے بولنے میں جلدی مت کرو)اے محمد(۔ یہ ہم ہیں جو اسے ایک قرآن کے طور پر جمع کریں گے۔" ایک بار جب ہم اسے ظاہر کر دیں گے، پھر تمہیں اس پہ عمل کرنا ہوگا۔ پھر، ہم ہی اس کی وضاحت کریں گے۔)"19 -16 :75 (جو آیت یہ بتاتی ہے کہ خدا ہی ہے جو قرآن کی وضاحت کرتا ہے، اس آیت کا نمبر19 ہے۔

قرآن میں ہماری ضرورت کی تمام مثالیں شامل ہیں

چار جگہ بکھری ہوئی آیات موجود ہیں، جو کہ عام طور پہ یہ بیان کرتی ہیں کہ قرآن میں تمام مثالیں، تخیلات، یا مماثلتیں موجود ہیں جن کی ہمیں ضرورت ہے۔ یہ آیات 17:89، 18:54، 30:58، اور 39:27 ہیں۔ جب ہم ان چاروں اہم آیات کو جمع کرتے ہیں تو مجموعی طور پر 228، 19 یاx12 بنتا ہے۔

89+54+58+27=228=19x12

[اس صفحہ پر پہلی تین آیات کی عربی دکھائی گئیی]

ہے۔ ہر آآیت کے نمبر پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ چونکہ ہم عربی کو یہاں پیش نہیں کر سکتے، چنانچہ، ہم نے "قرآن :آخری عہد نامہ" سے اس کا [انگریزی متبادل ترجمہ لیا ہے، جس کا ترجمہ راشاد خلیفہ، یونیورسل یونٹی، 1992 سے ہے۔

ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لیئے ہر قسم کی مثالیں بیان کی ہیں، لیکن زیادہ تر لوگ کفر پر اصرار کرتے ہیں۔)17:89 ("ہم نے اس" قرآن میں ہر قسم کی مثال بیان کی ہے، لیکن انسان سب سے زیادہ بحث کرنے والی مخلوق ہے۔)18:54" (اس طرح، ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لیئے تمام قسم کی مثالیں بیان کی ہیں۔ لیکن، تم کافروں کو جس طرح کے ثبوت پیش کرو، وہ کہتے ہیں، "تم

جھوٹے ہو۔)" 30:58 (چنانچہ خدا ان کے دلوں پہ مہر لگا دیتا ہے جو نہیں جانتے۔)" 30:59] (ایک بار پھر، عربی کو نہیں دکھایا گیا ہے، اور ہم نے پچھلے صفحے کی طرح انگریزی کو متبادل کیا ہے" (ہم نے لوگوں کے لئیے اس قرآن میں ہر قسم کی مثال بیان کی ہے، کہ شائید وہ توجہ دے سکیں۔)" 39:27 " (ایک عربی قرآن، بلا ابہام کے، کہ وہ صالح ہوسکیں)" 39:28 " (خدا ایک ایسے شخص کی مثال بیان کرتا ہے جو متنازع شراکت داروں سے تعلق رکھتا ہے)حدیث (، اس شخص کے مقابلے میں، جو ایک ہی متواتر ذریعہ)قرآن (سے تعلق رکھتا ہے۔ کیا وہ ایک سے ہیں؟ خدا کی حمد ہو، ان میں سے اکثرئییت لاعلم ہے۔)" 39:29 " (تم) محمد (بھی یقیناً مر جائیو گے، جیسے وہ مر جائیں گے۔)" 39:30 " (قیامت کے دن، اپنے رب کے سامنے، تم لوگ ایک دوسرے کے ساتھ جھگڑا کرو گے۔)" 39:31 " (اس شخص سے بڑھ کر بد کون ہوسکتا ہے جو خدا کے بارے میں جھوٹ بولتا ہے، اور اس سچ پر ایمان نا لائے جو اس کے پاس آیا؟ کیا جہنم کافروں کے لئیے صحیح سزا نہیں ہے؟)" 39:32 (چاروں آیات کے نمبر 89، 54، 58 اور 27 ہیں۔

228=27+ 58 + 54 + 89

228 = 19x12

مندرجہ بالا آیتوں میں مزید یہ دکھایا گیا ہے کہ محمد ایک انسان ہے جسے ہم سب کی طرح مرنا ہے، اور یہ کہ ہم قانون کا صرف ایک ہی ذریعہ استعمال کریں، نا کہ متعدد متضاد ذرائیع جو کہ ایک دوسرے کے خلاف جاتے ہیں۔ مندرجہ بالا آیت 28 میں ایک ذریعہ قرآن کی نشاندہی کرتا ہے۔

حدیث :وہاں وہ جو کچھ بھی تلاش کرتے ہیں وہ انہیں مل جاتا ہے

بالآخر، یہ ایک ٹھوس ثبوت کا ٹکڑا ہمیں ملتا ہے جو ہمیں یہ بتاتا ہے کہ وہ جو مومنین ہیں ان کی الگ سے شناخت اس حقیقت سے ہوتی ہے کہ وہ ایک ہی ذریعہ)قرآن (کی پیروی کرتے ہیں، جبکہ کافر "ایک ایسی کتاب کی پیروی کرتے ہیں جس میں وہ ہر وہ چیز ڈھونڈ نکالتے ہیں جس کی وہ خواہش کرتے ہیں۔" یہ ایک مانی ہوئی حقیقت ہے کہ ہم حدیث کی کتابوں میں کچھ بھی چاہیں ہمیں مل جاتا ہے۔

یہ بیان، کافروں کے لئیے ایک سوال کے طور پر ہے، کہا "کیا آپ ایک ایسی کتاب کی پیروی کرتے ہیں عمل کرتے ہیں جہاں آپ کو وہ ہر چیز مل جائے جو آپ مانگتے ہیں؟"

اس اہم بیان کا نمبر 38 ہے

38 = 19x2

کیا ہم مسلمانوں کے ساتھ مجرموں جیسا سلوک کریں؟ آپ کے فیصلے میں کیسی خرابی ہے؟ آپ کیا ایسی کتاب کی پیروی کرتے ہیں جہاں ہر" چیز آپ کی خواہش کے مطابق مل جائے؟ ")38-35 :68(

خدا قرآن کو کہتے ہیں : مکمل)115 :6(

خدا قرآن کو کہتے ہیں : مفصل)114 :6(

خدا قرآن کو کہتے ہیں : کامل)6:38(

نبی صرف قرآن کی فراہمی کرتا ہے)47-40 :69(

حدیث اور سنت گستاخانہ بدعت ہیں) :25:31 اور 6:112(۔

آپ صرف قرآن کی پیروی کریں) :6:19؛ 7:3؛ وغیرہ...(

حتاکہ خدانے ٹھوس ثبوت بھی فراہم کیا) صفحات 72-64 دیکھیں (

!!! اس کے باوجود وہ یہ سب کچھ دیکھنے میں ناکام کیوں ہوجاتے ہیں؟؟؟

وہ خدا پہ یقین کرنے میں کیوں ناکام ہوجاتے ہیں؟

کیونکہ اندر سے ان کے دل انکے دل اس بات پر یقین نہیں رکھتے جو یہ اپنی منہ سے کہتے ہیں۔ وہ سماجی اور تعلیمی حالات کی وجہ سے اعتراف قبول کرتے ہیں، لیکن ان کے دل اس سے انکار کرتے ہیں " :تمہارا خدا ایک خدا ہے۔ تاہم، جو لوگ آخرت میں یقین نہیں کرتے ہیں، ان کے دلوں میں انکار ہوتا ہے، اور وہ بہت تکبر کرتے ہیں۔)"16:22 (اس انکار کا نتیجہ)کسی کا گہرے یقین سے انکار کرنا (قرآن سے کل تنہائی ہے " :جب آپ قرآن کو پڑھتے ہیں، تو ہم آپ اور جو لوگ آخرت میں یقین نہیں کرتے ہیں ان کے درمیان ایک پوشیدہ رکاوٹ کھڑی کر دیتے ہیں۔ اور ہم ان کے دلوں پر ڈھال ڈال دیتے ہیں تاکہ ان کو سمجھنے سے روک دیں، اور ان کے کانوں کو بہرا کر دیتے ہیں؛ اور جب آپ خداوند واحد کی اور صرف قرآن کی تبلیغ کرتے ہیں تو وہ متنفر ہو کر دوڑ جاتے ہیں۔)"46-45 :17 (لہذا، وہ صرف قرآن کو قبول نہیں کر سکتے ہیں؛ وہ دیگر ذرائع جیسے "حدیث اور سنت "کو تلاش کرتے ہیں۔

فتح کی گارنٹی

قرآن پڑھاتا ہے، بلاشک، فتح کی گارنٹی ہے مسلمانوں کے لئیے": ہم نے لکھ دیا ہے کہ مومن فتحیاب ہوں گے) "30:47" (ہم اپنے رسولوں کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائیں، ان دونوں اس دنیا میں اور قیامت کے دن، مثبت طور پر فتح عطا فرمائیں گے۔) "40:51" (خدا ان لوگوں کی حمائیت فتح کیساتھ کرے گا جنھوں نے اس کی حمایت کی ہے۔ خدا قدر مطلق، طاقتور ہے۔) "22:40" (خدا یقیناً ان لوگوں کا دفاع کرے گا جو ایمان لائیں۔ خدا کسی فریبی اور کافر کو پسند نہیں کرتا۔) "22:38" (اے ایمان والو، اگر تم خدا کی حمائیت کرو گے تو وہ تمہیں فاتح بنائے گا اور تمہاری ثابت قدمی کو پختہ کرے گا۔) "7: 47)

مسلمانوں کو شکست کیوں ہوتی ہے؟

پچھلے صفحے پر دکھائی گئی "یقینی فتح کی ضمانت" دینے کی روشنی میں، اور کیونکہ خدا کبھی بھی غلط نہیں ہے، آج کے "مسلمان "ممکنہ طور پر مسلمان نہیں ہوسکتے۔

تاریخی حقائق

جب تک مسلمان امت نے قرآن کو برقرار رکھا، اور قرآن کے سوا کچھ نہیں، مسلمانوں نے دنیا میں سائینسی طور پر، تکنیکی، ثقافتی، سماجی، عسکری، اور اقتصادی طور پر دنیا کی قیادت کی۔ انھیں کسی جنگ میں شکست نہیں ہوئی۔ اسلام کی سرحدیں مغربی افریقہ سے چین تک؛ جنوبی فرانس اور مشرقی جرمنی میں بڑھے۔

تیسری صدی ہجری کے آغاز میں حدیث اور سنت کی ظہور کے ساتھ، مسلمان امت کا ایک تبتدریج زوال شروع ہوگیا۔ جب سے قرآن مجید کے علاوہ رہنمائی کے ذرائع کے طور پر ان بدعتوں کا ظہور ہوا، "مسلمانوں "نے ایک جنگ بھی نہیں جیتی۔

کیوں صرف 3 کروڑ اسرائیلی مسل 150 کروڑ عربوں کو شکست دے رہے ہیں؟؟؟

کیا اس بات کی کوئی نطق بنتی ہے کہ یروشلم میں 3 کروڑ اسرائیلیوں کو "100 کروڑ "مسلمانوں کو انکی مسجد سے باہر نکلنے پر مجبور کرنا چاہیئے؟

کیوں بھارت ہمیشہ پاکستان کو شکست دیتا ہے؟ روس کیوں افغانستان پر حملہ کرتے ہیں؟ وغیرہ ۔۔۔وغیرہ ۔۔۔وغیرہ۔

مسلمانوں کو شکست کیوں ہوتی ہے؟

کیونکہ وہ خدا کے بار بار اس بیان پر یقین کرنے سے انکار کرتے ہیں کہ قرآن ایک مکمل، کامل اور مفصل کتاب ہے، اور صرف یہی مزہبی رہنمائی کا واحد ذریعہ ہو گا۔

کیونکہ انہوں نے قرآن کے علاوہ دیگر ذرائع، حدیث اور سنت کو قبول کیا ہے۔

جو بھی میرا پیغام)قرآن (نظر انداز کرے گا کافر نہیں ہے وہ ایک دردناک زندگیگزارے گا، پھر ہم قیامت کے دن اسے نابینا کھڑا کریں گے۔ وہ کہے گا، اے میرے پروردگار آپ نے مجھے نابینا کیوں زندہ کیا، جب کہ مجھے پہلے)زندگی میں (دکھائی دیتا تھا)خدا فرمائے گا(، یہی وجہ ہے کہ جب ہماری آیتیں تمہارے پاس آئیں، لیکن تم ان کو بھول گئے تھے اور اس کے نتیجے میں آج ہم تمہیں بھول جاتے ہیں۔ چنانچہ ہم اسی طرح ان کو سزا دیتے ہیں جو حد سے تجاوز کر جاتے ہیں اور اپنے رب کے آیات پر یقین کرنے سے انکار کرتے ہیں۔ اور یقینا، آخرت کی سزا کہیں بہت بدتر ہے اور ہمیشہ کے لئیے ہے)"127-124 :20(

!حدیث قرآن سے انحراف کا سبب بنی

کیاآپ اپنا وضو اس طرح کرتے ہیں؟ (1)

اگرچہ خدا کے احکامات قرآن میں وضوء کے بارے میں واضح اور سادہ ہیں، "مسلمان "عوام خدا کے علاوہ دوسرے خدا کی پیروی کرتے ہیں؛ وہ خدا کی طرف سے مقرر کیئے ہوئے طریقے پر وضو نہیں کرتے۔ حتمی نتیجہ :ذلت اور شکست۔

اے ایمان والو، جب تم نماز ادا کرنے کے لئیے کھڑے ہو جاتے ہو تو آپ اپنے چہرے کو دھوئیں، اپنے ہاتھوں سے لے کے کہنیوں تک، اپنے سروں کو صاف کریں اور اپنے پاؤں دھوئیں۔)"5:6 (آج کی "مسلمان "اکثریت خدا کے احکامات سے مطمئین ہونے سے انکار کرتی ہے۔ وہ انسانوں کے احکامات کو قائیم کرتے ہیں، جیسے کہ "امام "اور "علماء "ہیں۔ اس کے نتیجے میں، ایک انتہائی طویل قسم کا وضو کرتے ہیں جس کا انحصار اس بات پر ہو گا کہ یہ کس "فرقے" کے پیروکار ہیں۔ تمام فرقوں نے مختلف "اماموں "کی رائے لے کر اس نتیجے پر پہنچے کہ نبی اس طرح سے اپنا وضو کیا کرتے تھے۔ اس کے نتیجے میں وہ شیطان کے جال میں جکڑے گئے، اپنے خالق کے احکامات کی خلاف ورزی کی، اور اپنے اوپر شکست اور مصیبتیں لے آئیں۔

حدیث قرآن سے انحراف کا سبب بنی !

کیا آپ اپنی نمازیں اس طرح ادا کرتے ہیں؟(2)

جب آپ اپنی نماز پڑھتے ہیں تو آپ کی آواز بہت بلند نہیں ہونی چاہیئے، اور نہ ہی بہت آہستہ؛ آپ ایک معتدل آواز کو برقرار رکھیں۔)"" 110 : 17(خدا کے ان سیدھی ہدایات کے باوجود "مسلمانوں "کی اکثریت حدیث کی طرف مڑ گئیی؛ وہ دوپہر کی نماز، سہ پہر کی نماز، غروب آفتاب نماز کی تیسری رکات اور رات کی نماز کے دوسرے نصف کے دوران مکمل خاموشی کو برقرار رکھت ہیں۔ یہ ہدایات انہیں کہاں سے حاصل ہوئیں ؟ خدا کے سوا کسی دوسرے معبود سے قرآن کے سوا دیگر ذرائع سے۔

پس، وہ بڑے پیمانے پر شیطان کے جال میں گر پڑے، اور اپنے خالق کی نافرمانی کی، جس کا لفظ)قرآن (مکمل، کامل اور مکمل طور پر تفصیلی ہے)114 ' 38 ' 6:19(

حدیث قرآن سے انحراف کا سبب بنی !

کیا آپ نماز میں خدا کے سوا دوسرے ناموں کا ذکر کرتے ہیں؟ (3)

یہ خدا کا حکم ہے کہ ہم خدا کے نام کے ساتھ اپنی نمازوں میں کسی اور کے نام کا ذکر نہیں کریں گے)72:18(۔

لیکن آج مسلمان اپنے رب کے آگے جب عبادتیں کرتے میں تو ان بدعتوں کو مانتے ہیں جو انہیں محمد اور ابراہیم کی تعریف و تسبیح کرنے کا حکم دیتی ہیں۔

مساجد کا تعلق خدا سے ہے؛ لہذا، خدا کے نام کے سوا کسی دوسرے کے نام کا ذکر نہ کرو۔)"72:18("

اس سے زیادہ کیا واضح ہے؟

مسلمان "شیطان کے دھوکے میں آکر ،،تشہد ،، جیسی بدعتیں کو پڑھتے ہیں وہ محمد اور ابراہیم پر تعریف و تسبیح کرتے ہیں۔"

یہ بات زیر غور ہونی چاہیئے کہ حتی کہ حدیث اور سنت بھی اس بات کی تسلیم کرتی ہے کہ "تشہد "ایک بدعت ہے اور نماز کا حصہ نہیں ہے۔

کیا یہ صریحاً شرک نہیں ہے ؟؟؟

حدیث اور سنت بمقابلہ قانون خدا

زنا کے خلاف قانون کو بالکل "واضح طور"، پر بیان کرتے ہوئے قرآن حکم دیتا ہے کہ زانی کو سزا کے لئے سو کوڑے مارے جائیں ۔

کیا مسلمانوں نے اپنے خالق کی پیروی کی ہے؟ نہیں ۔

مسلمان "علماء "اس بات کا اعلان کر چکے ہیں کہ قرآن واضح نہیں ہے !!!وہ دعوی کرتے ہیں کہ زنا کرنے والوں کی قرآن میں ازدواجی حیثیت کے بارے میں وضاحت نہیں کی جا سکتی، اور انہیں قرآن کو واضح کرنے کے لئیے حدیث کی ضرورت ہے !!!

یہ سورت ہم نیچے بھیجتے ہیں، حکم کرتے ہیں بطور قانون کے، اور اسکی آئیات "بالکل واضح "ہیں، تاکہ تم فلاح پا سکو۔ زانی)عورت (اور" زانی)مرد(، آپ ان میں سے ہر ایک سو کوڑوں سے چھپکیاں لگائیں، اور ان پر رحم کھا کر خدا کے قانون کی پیروی کرنے سے مت رکو۔ مومنوں کے ایک گروہ کو ان کی سزا کی گواہی کرنے دیں ۔)"24:12 (روایت کے غلبے میں آنے کے نتیجے میں ، اور شیطان کے اثر و رسوخ کی وجہ سے، "مسلمان "علماء نے شادی شدہ زانی جوڑے کی سزا کو "سنگسار کی موت "مقرر کیا ہے !!!

خدا کی اور رسول کی اطاعت کریں

شیطان لاکھوں مسلمانوں کو دھوکے سے اس بات پر یقین دلانے میں کامیاب ہو چکا ہے، کہ خدا کے اطاعت کرنے کہ معنی ہیں قرآن کی اطاعت، جبکہ رسول کا اطاعت کرنا حدیث کی اطاعت کرنا ہے ۔

شیطان کی اس چال کی مقبولیت میں اس بات سے مدد ملی کہ مسلمان عوام کی بھاری اکثرئییت کی قرآن کے بارے میں جہالت عام تھی، اور خدا کے ان احکامات پر غیر دھیانی تھی کی قرآن ہی مزہبی رہنمائیی ر اور قانون کا علم کا واحد ذریعہ ہو۔

صرف ایک چھوٹی سی سوچ ہمیں اس بات کا احساس دلاتی ہے کہ قرآن محمد کے منہ کے ذریعہ ہمارے پاس آیا، اور ہمارے تک خدا کی طرف سے براہ راست نہیں پہنچا۔ لہذا یہ حکم کہ ہمیں رسول کی اطاعت کرنا ہوگی ۔۔۔ کیونکہ وہ خدا کے الفاظ کو بیان کرتا ہے۔

تمام پچھلے صحیفوں میں بھی یہی قرآنی حقیقت بیان کی گئی ہے کہ " :جو بھی رسول کا اطاعت کرتا ہے وہ خدا کی اطاعت کرتا ہے ۔ "چونکہ ظاہر بات ہے کہ رسول تو خدا نہیں ہے، لہذا اس کے احکمات ظاہری بات ہے کہ یہ خدا کے الفاظ ہیں جو رسول بول رہا ہے۔

لہذا علم رکھنے والے اور خوش قسمت مومنوں کو اس بات کا احساس ہے کہ حدیث اور سنت شیطان کی بدعتیں ہیں، جن کا مقصد لوگوں کو خدا کے راستے سے بھٹکانا ہے۔

محمد کی احادیث محمد کی نہیں ہیں

اس کے بجائے، یہ ان مرد اور عورتوں کے احادیث)روایات (ہیں جنھوں نے نبی کو کبھی نہیں دیکھا۔ اصل میں، ان کے دادا کے دادا نے بھی کبھی نبی کو نہیں دیکھا۔

یہ بات معروف ہے کہ سب سے پہلی حدیث کی کتاب بخاری کی ہے، جو محمد کی وفات کے 200 سال بعد پیدا ہوا تھا۔ جب بخاری نے احادیث کی کتاب لکھی، تو وہ ایسے لوگوں سے ملاقات کرتا تھے جنہیں وہ ذرائع کے طور پر جانتا تھا۔ اس بات کی تصدیق کرنے کے بعد کہ اس کا ذریعہ "سچا" ہے اور ایک نیک مرد یا عورت کے طور پر جانا جاتا ہے، بخاری پوچھتا تھا، "کیا تم کوئی "حدیث" جانتے ہو؟" وہ شخص جواب دیتا تھا، "جی ہاں، " پھر "حدیث "مندرجہ ذیل کو بیان کرتا تھا": میں نے اپنے باپ کو سنا، خدا اسکی روح کو بخش دے، نے کہا کہ اس نے اپنے بڑے بھائی کو سنا، خدا ان کی روح کو بخش دے، کہ وہ اپنی دادی کے ساتھ بیٹھا تھا، خدا اس کی روح کو بخش دے، اور اس نے کہا کہ وہ ایک دن اپنے بڑے چچا کے ساتھ رات کا کھانا کھا رہے تھی تو، خدا انکی روح کو بخش دے، جب انہوں نے کہا کہ ان کے نانا امام احمد ابن محمد الماوی کو جانتے تھے، جنھوں نے یہ کہا کہ وہ کہ اس کے دادا نے سنا اپنے بڑے چچا سے کہ وہ نبی کے عظیم ساتھی عمر ابن خالد "الیمنی کو ملے تھے، اور انہوں نے بتایا کہ نبی صلی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، ' ---------

لہذا، حدیث بخاری کے ذرائع سے ایک حکائییت ہے، جو اس بات کا دعوی کرتی ہے کہ انہوں نبی کی آٹھ نسلوں کے بعد ان کے بارے میں کچھ سنا۔

دوسری طرف، ہم ناقابل تردید ٹھوس ثبوت رکھتے ہیں کہ قرآن خدا کا بے عیب لفظ ہے، اور یہ کہ اس کو بیان کیا نبی محمد نے ۔ لہذا ہم رسول کی اطاعت تبھی کرتے ہیں، جب ہم قرآن کی اطاعت کرتے ہیں، قرآن کے سوا کچھ اور نہیں ۔

حدیث کی پیروی کرنا رسول کی پیروی جیسی نہیں ہے

اس کے بجائے، یہ ان مرد اور عورتوں کی اطاعت ہے جو "حدیث "بیان کرتے ہیں۔

نبی کی ،،نام نہاد حدیث "کی اطاعت کرنا، در حقیقت ان سادہ لوہ لوگوں کے گروپ کی اطاعت کرنا ہے ہیں جو سوچتے ہیں کہ نبی نے ان" کے پیدا ہونے سے 200 سال قبل پہلے کچھ کہا تھا۔

اس طرح، اگر کسی ایک حدیث کی روایت مثال کے طور پر عباس بن یاسر سے ہے، پھر عباس بن یاسر کی طرف سے کہی گئی حدیث کی اطاعت کی اطاعت اصل میں عباس بن یاسر کی اطاعت ہے، اور نبی کی اطاعت کرنے سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

اصل میں نبی کی صحی اطاعت صرف قرآن کی اطاعت کرنا ہے، جو واقعی محمد کی طرف سے بولی گئی ہے، اور اس کی حمائیت ٹھوس ثبوت کے ذریعے کی گئی ہے۔

یہ حقائق قرآن میں بار بار ان بیانات کی وضاحت کرتی ہیں کہ "صرف وہی فلاح پائیں گے جو شعور رکھتے ہیں"۔

قرآن محمد کے بولے ہوئے الفاظ کے ذریعے ہم تک پہنچا، بغیر کسی ثالث کے یا راوی کے۔ قرآن براہ راست محمد کے منہ سے ان کے کان تک پہنچا جو بہت سختی سے اسی وقت اس کو لکھ لیتے تھے جیسے ہی وہ محمد کے منہ سے بولا جاتا تھا۔

لہذا، قرآن ہی واحد محمد کی صرف سے صحیح حدیث ہے۔ اس کے علاوہ، خدا نے اپنےالفاظ کے دائیمی تحفظ کی ضمانت دی ہے، جو کہ محمد کے منہ سے بیان ہوئے)15:9(۔

عذاب عظیم

)قیامت کے دن (کافروں کو کہا جائے گا کہ تمہارے لئیے خدا کی نفرت زیادہ بد تر ہے اس نفرت سے جو تمہاری اپنے آپ کے لئیے" ہے، کیونکہ تمہیں ایمان لانے کے لئیے مدعو کیا گیا تھا، مگر تم نے انکار کر دیا۔ وہ کہیں گے، 'اے ہمارے رب، آپ نے ہمیں دو مرتبہ موت اور دو مرتبہ زندگی دی، اور اب ہم اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہیں؛ ،،کیا بچاؤ کا کوئی راستہ ہے "؟ یہی وجہ ہے کہ جب واحد خدا کے لئیے تجویز کیا گیا تو تم نے یقین کرنے سے انکار کر دیا۔ لیکن جب بتوں کو اس کا شریک کرنے کو تجویز کیا گیا، تو تم نے یقین کیا۔ لہذا، فیصلہ اب خدا کے پاس ہے، سب سے بلند، عظیم۔)"12-10 :40 (جب واحد خدا کی وکالت کی جاتی ہے، تو کیا تم یقین کرتے ہو؟ یا تمہیں دوسروں کو اس کے ساتھ شامل کرنے کی وکالت کی ضرورت ہے؟

عذاب عظیم

جب ان کے رسول ان کے پاس واضح ثبوت کے ساتھ گئے، تو وہ ان ہی علوم سے مطمئین تھے، جو ان کے پاس پہلے ہی سے تھے، " اور یہی چیزان پر عذاب کا سبب بنی جس کا وہ مزاق اڑاتے تھے۔ پھر، جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھا، تو انہوں نے کہا، 'اب ہم واحد خدا میں یقین رکھتے ہیں اور ہم اپنی سابقہ بت پرستی کو مسترد کرتے ہیں۔ 'لیکن افسوس، عذاب دیکھنے کے بعد ان کا عقیدہ ان کے لئیے بیکار ہے۔ اس طرح خدا کا قانون ہے جو کبھی نہیں بدلتا۔ ایسے کفار کے لئیے بربادی ہے۔)"5-83 :40 (کیاآپ اس علم سے مطمئین ہیں جو آپکو اپنے والدین، بزرگ یا علماء سے وراثت میں ملا؟)حدیث و سنت (کیاآپ خدا کی تعلیمات پر اس طرح کے علم کو برتری دینے کے لئیے تیار ہیں؟ یا، کیاآپ کے لئیے بہت دیر ہو چکی ہے؟

عظیم معیار

جب واحد خدا کی وکالت کی جاتی ہے، تو ان لوگوں کے دل جو آخرت میں یقین نہیں رکھتے نفرت سے سکڑ جاتے ہیں۔ لیکن جب بتوں " کا ذکر اس کے ساتھ کیا جاتا ہے تو وہ خوش ہوجاتے ہیں)"39:45 (۔

:وضاحت

ہم یہاں کیوں ہیں؟

تمام معاملہ جو قرآن بمقابلہ حدیث و سنت ہے یہ تب واضح ہو جاتا ہے جب ہم اپنی زندگی کا مقصد سمجھ جاتے ہیں۔

ہم اس دنیا میں ایک، اور صرف ایک ہی مقصد کے لئیے موجود ہیں۔ جیسا کہ قرآن میں بیان کیا گیا ہے)2-1 :67 اور 51:56 (ہمیں صرف واحد خدا کی عبادت کرنے کے مقصد کے لئیے پیدا کیا گیا تھا-شیطان خدا کے ساتھ شریک ہونا چاہتا تھا، خدا کے علاوہ ایک اور خدا۔ اس کے نتیجے میں، خدا نے آدم کو شیطان کے باغی خیالات کو بے نقاب کرنے کے لئیے بنایا۔ اور خدا نے ہمیں شیطان کو اور تمام فرشتوں کو یہ دکھانے کے لئیے پیدا کیاکہ ہم صرف اس کی ہی عبادت کریں گے، کسی کے شریک ہونے کی ضرورت کے بنا۔

لہذا، ہمارے وجود کا مقصد صرف واحد خدا کی عبادت کرنا ہے۔ لہذا صرف ایک ہی نا قابل معافی جرم شرک ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب ہم خدا کے علاوہ کسی بت کو یا کسی اور کو اس کا شریک ٹھہراتے ہیں، ہم آزمائش میں ناکام ہو جاتے ہیں۔

ہم اپنے وجود میں آنے کا مقصد تبھی پورا کرتے ہیں جب ہم صرف واحد خدا کی عبادت کرنے میں کامیابی حاصل کرتے ہیں، بغیر محمد کو شریک بنائے ، یا عیسی یا مریم، یا کسی ولی، یا کسی امام، یا کوئی بھی چیز، یا کسی بھی انسان کے بغیر۔

جب ہم محمد کی طرف سے دی گئی "مذہبی "ہدایات تلاش کرتے ہیں، یا خدا کے سوا کسی دوسرے ذریعہ کی، تو ہم شیطان کو اسکے دعوے میں مدد کرتے ہیں، کہ خدا کو کسی ساتھی کی ضرورت ہے۔ لہذا، جو لوگ واحد خدا کی عبادت کرتے ہیں وہ صرف واحد خدا کی ہدایات اور تعلیمات پر عمل کرتے ہیں۔ جیسا کہ اس کتاب کے دوران دکھایا گیا ہے، خدا کی تعلیمات قرآن میں مکمل، کامل، اور مکمل طور پر تفصیلی ہیں۔

باالآخر :اہم ترین سوال

آپ کے خیال میں، کیا خدا واحد اپنے آپ سے زندہ رہ سکتا ہے ؟؟؟

یا، آپ کے خیال میں، خدا کو محمد کی ضرورت ہے، عبادتوں کے لئیےاور اس کو یاد کرنے کے لئیے؟؟؟

آپ کے خیال میں، کیا خدا واحد اپنے آپ سے زندہ رہ سکتا ہے ؟

یا، آپ کے خیال میں، خدا کو محمد، عیسی، مریم، یا کسی نیک بزرگ)وں (کی شراکت داری کی ضرورت ہے ؟؟؟

اگر آپ واحد خدا کی عبادت کر کے مطمئین اور خوش ہوں گے، بغیر محمد، مریم، عیسی یا کوئی بارے میں جانتے ہو تو، آپ محمد، یسوع، مریم، یا کسی بھی نیک بزرگ، یا کسی اور، یا کسے بھی چیز کے نام کے شامل ہونے سے مطمئین ہونگے؟

کیا آپ واحد خدا کا ذکر کرتے ہوئے ناراضگی محسوس کرتے ہیں؟

جب میں واحد خدا کے بارے میں بات کرتا رہوں گا، تو کیا آپ اس سے تنگ آجاتے ہیں؟ کیا آپ خدا کے ساتھ ساتھ دوسرے ناموں کو بھی سننا ضروری سمجھتے ہیں؟ کیا آپ کے تصور میں صرف واحد خدا زندہ رہ سکتا ہے؟

جب میں واحد خدا کا ذکر بار بار دہراتا ہوں، کیا آہ کو اس سے کراہت محسوس ہونے لگتی ہے؟ یا آپ واحد خدا کے ذکر سے خوش اور مطمئین ہو جاتے ہیں؟؟؟

قرآن کے عظیم معیار کے مطابق، جو 39:45 میں بیان کیا گیا ہے، آپ کے ان سوالات کے جواب آپ کو اپنے آپ کو جاننے اور اپنی منزل کو جاننے میں اہمیت رکھتے ہیں۔

1۔ تعارف

2۔ خدا کے رسول کی اطاعت کے بغیر نجات نہیں

3۔ خدا کے پیغامات کی فراہمی کرتے ہوئے، رسول اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتے

4۔ محمد کی نمائندگی صرف قرآن کی طرف سے ہوئی

5۔ ایک خدا - ایک ذریعہ

6۔ قرآن: ایک غیر معمولی کتاب

7۔ حدیث و سنت =100 فیصد قیاس آرائی

8۔ محمد کو معبود بنانا

9۔ محمد کو شریک بنانا

10۔ نبی کا بس ایک ہی مقصد :قرآن کی تحویل

11۔ ان کا پسندیدہ سوال

12۔ اسلام کے تمام طور طریقے)نماز، زکات، روزہ، حج (ابراہیم کے ذریعے ہم تک پہنچے

13- قرآن پر یقین نا کرنے کا نتیجہ

14- "حدیث و سنت" کی اہمیت

15- ٹھوس ثبوت

16- قران :واحد ذریعہ رہنمائی (6: 19)

17- فتح کی گارنٹی

18- احدیث قرآن سے انحراف کا سبب بنی!

19 - عذاب عظیم

Landmarks

1. Table of Contents
2. Cover

قرآن ، حدیث اور اسلام
از راشاد خلیفہ، پی-ایچ-ڈی

Table of Contents

تعارف

خدا کے رسول کی اطاعت کے بغیر نجات نہیں

خدا کے پیغامات کی فراہمی کرتے ہوئے، رسول اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتے

محمد کی نمائندگی صرف قرآن کی طرف سے ہوئی

ایک خدا - ایک ذریعہ

قرآن :ایک غیر معمولی کتاب

حدیث و سنت =100 فیصد قیاس آرائی

محمد کو معبود بنانا

محمد کو شریک بنانا

نبی کا بس ایک ہی مقصد :قرآن کی تحویل

ان کا پسندیدہ سوال

اسلام کے تمام طور طریقے)نماز، زکات، روزہ، حج(ابراہیم کے ذریعے ہم تک پہنچے

قرآن پر یقین نا کرنے کا نتیجہ

"حدیث و سنت" کی اہمیت

ٹھوس ثبوت

قران :واحد ذریعہ رہنمائی (6: 19)

فتح کی گارنٹی

احدیث قرآن سے انحراف کا سبب بنی

عذاب عظیم